© rasailojaraid.com

گیا؟ اس موضوع پر مولف نے بڑی اچھی تحقیق کی ہے اور اردو ہندی مقدمہ میں دونوں فریق کا موقف دلائل کے ساتھ نقل کیا ہے۔ صورت حال کو واضح کرنے کے لیے دوسروں کی تحریریں بھی دی گئی ہیں، جن میں ان کا موقف تفصیل کے ساتھ آ گیا ہے۔ مولف نے اپنے نقطۂ نظر کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اردو درحقیقت مسلمانوں اور ہندوؤں کی مشترکہ زبان ہے، اسے مسلمانوں کی زبان کہنا نہ صرف تاریخی حقائق کے منافی ہے بلکہ اس نقطۂ نظر کی اشاعت سے اختلاف اور تفرقہ میں مزید اضافہ ہوگا۔

**مطالعہ کی اہمیت**، مولف: مولانا روح اللہ نقشبندی، ناشر: دارالہدیٰ، مکتبہ بیت العلم، اردو بازار کراچی، صفحات: ۴۲۹۔

زیر نظر کتاب میں مولف نے اکابر واسلاف امت کے علمی، تحقیقی اور تصنیفی کارناموں کو اُجاگر کرنے کی کوشش کی ہے اور ان کے ذوق مطالعہ کے دلچسپ اور حیرت انگیز واقعات تحریر کیے ہیں۔ تاہم یہاں ایک پہلو کی طرف اشارہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ کتاب کا نام ہے ''مطالعہ کی اہمیت'' نام کی مناسبت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں مطالعہ کی اہمیت وافادیت اور مطالعہ کے اصول وطریقہ کار پر تفصیلی اور معلوماتی بحث کی گئی ہوگی، لیکن اس موضوع کو مولف چھو کر نہیں گذرے۔ محض دلچسپ واقعات کو مرتب کر کے انہیں ''مطالعہ کی اہمیت'' کا عنوان دینا کسی طرح مناسب نہیں۔ مولف نے بتایا ہے کہ زیر نظر کتاب انھوں نے طلباء کی راہنمائی کے لیے لکھی ہے۔ نو آموز طلبا کے لیے از خود کتابوں کا انتخاب بسا اوقات نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے، ان کی رہنمائی کے لیے اس پہلو پر بھی روشنی ڈالنی چاہیے تھی کہ مطالعہ کے لیے کتابوں کا انتخاب کس طرح کیا جائے اور اپنے اندر ٹھوس علمی مطالعہ کی عادت وہ کس طرح ڈال سکتے ہیں؟


## مہتمم حضرات، پرنسپل صاحبان اور اساتذۂ کرام کے لئے خوش خبری

★ ہر مہتمم اور استاد کی کوشش اور دعا ہوتی ہے کہ اس کے ادارہ کے طلبہ وطالبات اپنا وقت قیمتی بنائیں اور مطالعہ، تکرار، ہوم ورک، واجب المنزل اہتمام سے کریں۔ اس مقصد کے لئے ایک بہترین کتاب **مطالعہ کی اہمیت** تیار کی گئی ہے، جس کے بارے میں حضرت مفتی نظام الدین شہید رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

''ان شاء اللہ اس کتاب کو پڑھ کر اساتذہ وطلباء کو مطالعہ کرنے کا شوق پیدا ہوگا۔ بندہ علماء کرام وطالبان علم سے خصوصی درخواست کرتا ہے کہ اس کتاب کا مطالعہ ایک بار ضرور کریں، اگرچہ کتاب اس کی مستحق ہے کہ اس کا مطالعہ بار بار کیا جائے۔''

---

★ اسی طرح ہر استاد کی یہ خواہش بھی ہوتی ہے کہ طلبہ اور طالبات اپنے والدین کی قدر کرنے والے اور ان کی دعائیں حاصل کر کے اپنے علم میں ترقی کرنے والے ہوں اس کے لئے بھی الحمدللہ کتاب **والدین کی قدر کیجئے** تیار ہوئی ہے۔ اس کتاب پر جامعہ دارالعلوم کورنگی کے نائب مفتی مولانا حضرت محمود اشرف صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور جامعہ بنوری ٹاؤن کے استاد حضرت مولانا مفتی عاصم ذکی صاحب مدظلہم العالی نے تعریفی کلمات لکھے ہیں اور گزارش کی ہے کہ زیادہ سے زیادہ طلبہ وطالبات تک یہ کتاب پہنچائی جائے۔

اس کتاب میں انتہائی آسان اور دل نشین انداز میں قرآن وحدیث کی روشنی میں دل چسپ اور عبرت آموز واقعات کے ذریعے سے اولاد کو والدین کے ادب واحترام اور ان کی اطاعت پر ابھارا گیا ہے اور ان کی نافرمانی سے بچنے کی ترغیب دی گئی ہے۔

**ملنے کا پتہ:** اسٹاکسٹ مکتبہ بیت العلم G-30 اسٹوڈنٹ بازار، اردو بازار کراچی۔
فون: 2726509، موبائل: 03008213802

**ناشر: سلسلۃ الہدیٰ**

یہ تمام کتابیں ہم سے براہ راست طلب فرمائیں
یا
کسی بھی معیاری کتب خانہ سے رجوع فرمائیں


© rasailojaraid.com